# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 16 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶ /جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ملک میں رواں سال کے خریف ہنگام میں 50 کروڑ 75 لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر تخم ریزی۔

☆ آشاڑھی واری کیلئے، رابطہ وزیر کی صدارت میں رابطہ کمیٹی تشکیل، وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں ہوگی سرکاری مہا پوجا۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں مھاڈا کی ہاؤسنگ اسکیم کیلئے آج ہوگی قرعہ اندازی۔

☆ وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کیلئے مراٹھواڑہ میں رجسٹریشن کے عمل کو زبردست پذیرائی۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آئندہ پانچ دن تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی محکمۂ موسمیات کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ملک میں رواں سال کے خریف ہنگام میں اب تک 50 کروڑ 75 لاکھ ہیکٹر سے زائد رقبے پر تخم ریزی کی جا چکی ہے۔ مرکزی وزارت برائے زراعت و بہبودِ کاشتکار کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق، 62 لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر دالوں، ایک کروڑ چار لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر تلہن کی فصلیں اور ایک کروڑ 15 لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر چاول کی کاشت کی گئی ہے۔ گزشتہ سال کے مقابلے ان تینوں قسم کی فصلوں کی بوائی کے رقبہ میں اضافہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ میں دراندازی کے معاملے میں دہلی پولس نے امول شندے، منورنجن ڈی، للت جھا، مہیش کماوت، ساگر شرما اور نیلم آزاد سمیت تمام چھ ملزمان کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ 2 اگست کو ان تمام ملزمان کو عدالت میں پیش کر کے سماعت کی جائے گی۔ گزشتہ سال 13 دسمبر کو یہ تمام ملزمان پارلیمنٹ میں درآئے تھے اور لوک سبھا کے کام کاج کے دوران ہی مہمانوں کی گیلری سے نیچے اتر کر ایوان میں دھوئیں کی نلیاں چھوڑی تھیں۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے رہنما اور ریاستی وزیر چھگن بھجبل نے کل راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار سے ملاقات کی۔ او بی سی اور مراٹھا ریزرویشن پر جاری تنازعہ پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے یہ ملاقات ہونے کی باتیں سیاسی حلقوں میں کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

آشاڑھی ایکادشی کل منائی جارہی ہے۔ اس موقع پر پنڈھرپور آنے والے عقید تمندوں کیلئے تمام ضروری سہولیات اور انتظامات کیلئے شولا پور ضلع کے رابطہ وزیر چندر کانت پاٹل کی سربراہی میں ایک ' کوآرڈینیٹنگ کمیٹی ' تشکیل دی گئی ہے۔ دیہی ترقی اور پنچایت راج محکمے کے وزیر گریش[4] مہاجن اور صحت عامہ اور خاندانی بہبود کے وزیر تاناجی ساونت کمیٹی کے ارکان کے طور پر کام کریں گے۔ آشاڑھی یاترا کے موقع پر پنڈھرپور شہر کے رابطہ وزیر کے طور پر تاناجی ساونت کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔

دریں اثنا' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے آج پنڈھرپور دورے پر ہیں اور ان کے ہاتھوں شب ڈھائی بجے شری وِٹھل رکمنی ماتا کی سرکاری مہاپوجا کی جائیگی۔

***** ***** *****

ریاست کی آنگن واڑیوں میں معاون خدمت گاروں کی 14 ہزار 690 خالی آسامیاں جلد ہی پُر کیے جانے کی اطلاع بہبودیِ خواتین واطفال محکمے کی وزیر آدیتی تٹکرے نے دی ہے۔ 31 اگست 2024 کے اواخر تک یہ تمام آسامیاں پُر کرنے کی ہدایات سبھی اضلاع اور پروجیکٹ سطح پر دی گئی ہیں۔ اس سے متعلق اشتہار جلد ہی شائع کیا جائے گا' لہٰذا خواہشمند خواتین سے درخواستیں کرنے کی اپیل کی آدیتی تٹکرے نے کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ہاؤسنگ اینڈ ایریا ڈیولپمنٹ بورڈ کے تحت آج پردھان منتری آواس یوجنا، 20 فیصد جامع اسکیم اور MHADA ہاؤسنگ اسکیم کے تحت کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی جائے گی۔ ایک ہزار 494 پلاٹس، فلیٹس، رہائشی مکانات کیلئے یہ آن لائن قرعہ اندازی کی جائے گی۔ ضلع کلکٹر دفتر میں ہاؤسنگ وزیر اتل ساوے کے ہاتھوں قرعہ اندازی کی جائے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم سے استفادہ کیلئے مراٹھواڑہ میں رجسٹریشن کو خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔ اسکیم کی شرائط کو مزید آسان اور سہولت بخش کردیا گیا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد کے بہبودیِ خواتین واطفال محکمے میں اس اسکیم کی کوآرڈنیٹر سوورنا جادھو نے آکاشوانی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں یہ معلومات دی۔ سوورنا جادھو کا یہ مکمل انٹرویو کل بدھ کو آکاشوانی کے خصوصی پروگرام پراسنگک میں نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں اس اسکیم کیلئے اب تک 70 ہزار سے زیادہ درخواستیں موصول ہونے کی اطلاع ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے دی ہے۔ اہل شہریوں کے درخواست فارم بھرنے کیلئے گاؤں گاؤں میں کیمپ لگائے جارہے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن کے تحت بھی درخواست دہی کیلئے ہیلپ سینٹرس شروع کیے گئے ہیں۔ ضلع کلکٹر راؤت نے اسکیم کی درخواست کیلئے کسی بھی ایجنٹ کی مدد نہ لینے اور اسکیم کے نام سے پیسے مانگے جانے پر انتظامیہ سے اس کی شکایت کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع میں، لاڈلی بہن اسکیم کی درخواستیں بھرنے کیلئے خواتین کی بھیڑ جمع ہورہی ہے۔ ضلع کلکٹر جتیندر پاپڑکر نے کل ایک اطلاعی کانفرنس میں بتایا کہ درخواست دہندہ خواتین کی مدد کیلئے گاؤں کی سطح پر دیہی کمیٹیاں اور نگر پنچایت و نگر پالیکا سطح پر وارڈ کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں اس اسکیم کیلئے اب تک 81 ہزار 225 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ضلعے کے ہر گاؤں اور شہری علاقوں میں درخواست قبول کرنے کے مراکز شروع کردیئے گئے ہیں۔ ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر۔گھوگے نے اسکیم کی درخواستوں کی جانچ اور آن لائن رجسٹریشن کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

***** ***** *****

ملک بھر میں آئندہ 27 جولائی تک بارش کا زور قائم رہنے اور ریاست میں آئندہ پانچ دِنوں تک اکثر ساحلی علاقوں اور پہاڑی علاقوں میں ہلکی تا اوسط درجے کی بارش ہونے کی پیشن گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔ ریاست کے کئی اضلاع میں زوردار بارش ہوئی ہے' اس دوران 20 اضلاع کے ساڑھے آٹھ لاکھ سے زائد شہری سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں' جبکہ ناسک میں آئندہ چار دِنوں میں موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

دریں اثنا' مراٹھواڑہ کے اکثر مقامات پر گذشتہ 48 گھنٹوں میں ہلکی تا اوسط درجے کی بارش ہوئی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر، بیڑ اور دھاراشیو ضلعے کے آٹھ تعلقوں میں زیادہ بارش درج کی گئی۔ دھاراشیو ضلع کے دیہی علاقوں اور پارگاؤں تعلقے میں بھی زیادہ بارش ہوئی، جبکہ پربھنی، لاتور اور ناندیڑ ضلعوں میں اوسط درجے کی بارش ہوئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجا پور تعلقے کے تامَل واڑی میں مجوزہ صنعتی علاقے میں 130 چھوٹے صنعتکاروں نے سرمایہ کاری کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ کل اس خصوص میں منعقدہ میٹنگ میں رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے اس صنعتی علاقے سے دس ہزار روزگار مہیا کرنے کا ہدف پورا ہونے کا یقین بھی ظاہر کیا۔

***** ***** *****

کیملن صنعتی گروپ کے بانی وسابق صدر سبھاش دانڈیکر کا کل ممبئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 85 برس کے تھے۔ اسکولی طلبہ کیلئے ریاضی کے آلات' پنسل' مارکر اور سیاہی سمیت دیگر فنکاروں کے استعمال کی دیگر اشیا، دفتری اشیا کیملن کمپنی کی جانب سے گذشتہ کئی برسوں سے بنائی جارہی ہیں۔ اس کمپنی کی کئی برسوں کی صدارت کے دوران دانڈیکر نے اپنی مصنوعات کے معیار سے کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا۔

***** ***** *****

بزرگ مفکر نرہر کُرندکر کے یومِ پیدائش کے موقع پر ناندیڑ کے سینٹر فار ایڈوانس اسٹڈی اینڈ ریسرچ کی جانب سے نرہر کُرندکر ریسرچ اسکالر شپ دی جاتی ہے۔ اس کیلئے اس سال ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سنیتا ساور کر اور آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر کے سابق اناؤنسر لکشمی کانت دھونڈ کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔ مرکز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر بھگوان انجنیکر نے کل یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

محصول ملازمین کی تنظیموں نے اپنے مختلف مطالبات کیلئے کل سے بے مدت کام بند احتجاج شروع کیا ہے۔ ترمیم شدہ ضابطے پر عمل درآمد نہ کرنے اور عملے میں کٹوتی کی مخالفت سمیت دیگر مطالبات کیلئے معلّنہ اس احتجاج سے ہنگولی، پربھنی اور بیڑ میں محکمۂ محصول کے کام کاج متاثر ہوئے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں بھی شعبۂ محصول کے بیشتر ملازمین اس ہڑتال میں شریک ہوئے۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن کے ٹیکس نفاذ اور ٹیکس وصولی محکمے نے رواں مالی سال کے پہلے 50 دِنوں میں ساڑھے دس کروڑ کا ریکارڈ ٹیکس وصول کیا ہے۔ گذشتہ کئی سالوں کی ٹیکس وصولی کے مقابلے میں املاک ٹیکس وصولی کا یہ تناسب سب سے زیادہ ہے۔

**** **** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی مجلس عاملہ کے انتخاب کی سرگرمیاں شروع ہوچکی ہیں۔اس انتخاب میں رائے دہندوں کی فہرست آج سے پریشد کے چھترپتی سمبھا جی نگر کے دفتر میں مشاہدہ کیلئے رکھی جائے گی۔ پانچ اگست تک اس فہرست پر اعتراض داخل کیا جاسکے گا،جبکہ حتمی فہرست 20 اگست کو شائع کی جائے گی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک میں رواں سال کے خریف ہنگام میں 50 کروڑ 75 لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر تخم ریزی۔

☆ آشاڑھی واری کیلئے ،رابطہ وزیر کی صدارت میں رابطہ کمیٹی تشکیل،وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں ہوگی سرکاری مہا پوجا۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں مہاڈا کی ہاؤسنگ اسکیم کیلئے آج ہوگی قرعہ اندازی۔

☆ وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کیلئے مراٹھواڑہ میں رجسٹریشن کے عمل کو زبردست پذیرائی۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آئندہ پانچ دن تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی محکمۂ موسمیات کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****